محترم والدین اور خاندان،

شکاگو پبلک اسکولز (CPS) والدین کو مطلع رکھنے کا پابند ہے اور ہم آپ کو کرونا وائرس والی بیماری 2019 (کووڈ-19) سے متعلق حالیہ ترین پیش رفت کے بارے میں باخبر رکھنے کے لیے یہ خط لکھ رہے ہیں. شکاگو محکمہ برائے عوامی صحت (**CDPH**) نے ضلع کو حالیہ طور پر کووڈ-19 کے ایک توثیق شدہ معاملے کے بارے میں باخبر کیا ہے، جو شیریڈن میاتھس اینڈ سائنس اکیڈمی (**Sheridan Math and Science Academy**) کے ایک رکن سے متعلق ہے.

CDPH کی رہنمائی کے مطابق، کل بروز پیر 16 مارچ سے شیریڈن کو بند ہو جائے گا اور یہ بروز منگل 31 مارچ کو ضلع کے اسکول کے کھلنے کے ساتھ کھلے گا. ہم کسی بھی ایسے شخص سے جو 9 مارچ کو شیریڈن میں موجود تھے، اس بات کی درخواست کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر بروز پیر 23 مارچ تک گھر پر ہی رہیں. عملے کو ادائیگی والی چھٹی پر رکھا جائے گا، اور طلبا کی غیر حاضری کو معاف کیا جائے گا.

ریاست کی طرف سے فرمان جاری ہونے کے بعد، ضلع بروز منگل 17 مارچ سے شروع بروز پیر 30 مارچ تک تمام اسکولوں کو بند کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے. ہم خاندانوں کو اس بات کی ترغیب دیتے ہیں کہ وہ سوائے طبی نگہداشت کے حصول کے گھر پر ہی قیام کریں. 31 مارچ کو اسکول لے دوبارہ نہ کھلنے کی صورت میں، ہم آپ کو اس بات کی ترغیب دیتے ہیں کہ آپ ذاتی چیزیں اسکول سے گھر لائیں اور اس کے مطابق منصوبہ بنائیں.

تازہ ترین معلومات ذیل میں پیش ہیں.

**<u>خاندانوں کے لیے اسکول کی عمارت تک رسائی اور غذائی معاونت</u>**

- بروز منگل، 17 مارچ سے آغاز، اسکول کی تمام عمارتیں گہری صفائی کے لیے بند کی جائیں گی. اس کے مطابق منصوبہ بنائیں اور اپنی کسی بھی ذاتی چیزوں کو جنہیں آپ گھر لانا چاہتے ہیں، گھر لے جائیں. اسکول عمارت کو بند کیے جانے کے بعد آپ کو عمارت میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی.
- تمام CPS اسکول کے مقامات کو CPS طلبا کے لیے کھانے کی تقسیم کے مقامات کے طور پر استعمال کیا جائے گا. بروز منگل 17 مارچ کو صبح 9:00 بجے سے دوپہر 1:00 بجے تک اسکول کی عمارت کے باہر کھانا لینے کی سرگرمی انجام دی جائے گی، جو کہ پیر سے جمعہ تک چلے گی. CPS خاندان فی بچہ دو کھانے کے حساب سے ایک وقت میں تین دنوں والی قیمت کے کھانے حاصل کر سکتے ہیں. اگر آپ کو معاونت درکار ہے تو، براہ کرم 773-553-5437) KIDS) پر CPS کمانڈ سینٹر کو کال کریں یا familyservices@cps.edu پر ای میل بھیجیں.

**<u>تعلیم کی افزودگی</u>**

- CPS دفتر برائے تدریس و تعلیم پری کنڈر گارٹن سے 12ویں درجے تک کے طلبا کے لیے درجے کی سطح والے سرگرمی کے پیکٹس فراہم کرے گا، جس میں طلبا کے لیے ڈیجیٹل اور غیر ڈیجیٹل سرگرمیاں شامل ہوں گی. ایک نمونے کا پیکٹ یہاں پر ملاحظہ کیا جا سکتا ہے. پرنسل اور ٹیچرز درجہ کی سطح کی سرگرمیوں کو پرنٹ کرنا منتخب کر سکتے ہیں، جو کہ cps.edu/coronaviruscps.edu/coronavirus پر بھی طلبا اور خاندانوں کے لیے دستیاب ہونگے.

**<u>ڈیجیٹل پلیٹ فارمس کا استعمال</u>**

- اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ CPS اپنے طلبا کی ذاتی طور پر قابل شناخت حساس معلومات جیسا کہ ان کا پہلا اور آخری نام، تاریخ پیدائش اور دیگر بحال کی جانے والی معلومات کی بہترین انداز میں حفاظت کر رہے ہیں، ہم اسکولوں کو اس بات کی ترغیب دیتے ہیں کہ وہ طلبا اور خنادان کے ساتھ صرف CPS کے ذریعہ منظور شدہ مصنوعات کے ذریعہ ہی مواصلت کریں. تاہم، اگر اسکول غیر منظور شدہ ویب پر مبنی مصنوعات

کے استعمال کا مشورہ دینا چاہے تو اسکولوں کو چاہیے کہ وہ والدین کو مناسب طور پر مطلع کریں.

**قابل قبول استعمال کی پالیسی**

- منتظمین، اساتذہ اور اسکول کے عملے سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اسکول کے جزوی یا مکمل طور پر بند ہونے کی صورت میں بھی، اگر وہ بچے کے ساتھ مواصلت کریں تو قابل قبول استعمال کی پالیسی پر عمل کریں. ذہن میں درج ذیل مواصلت کی اجازت یافتہ یا ممنوعہ شکلوں کو ذہن میں رکھیں:

| اجازت یافتہ | ممنوعہ |
|---|---|
| • طالب علم CPS ای میل اکاؤنٹ کو ای میل<br>• CPSگروپ میسیجنگ ایپ کے ذریعہ پیغام بھیجنا، جیسا کہ ایک ملازم CPS اکاؤنٹ سے طلب علم کے CPS اکاؤنٹ پر گوگل ہینگ آؤٹ*<br>• والدین/ سرپرست کی طرف سے اپنے طلبا کو متن موصول ہونے کے لیے اجازت دئے جانے کے بعد طلبا کے گروہ کو بڑی مقدار میں متن بھیجنا اور وہ اپنے بچے کی طرح ہی وہی اطلاع موصول ہونے منتخب کر سکتے ہیں*<br>• طلبا کے ساتھ سوشل میڈیا کے ذریعہ مواصلت کرنے کی صورت میں، بشرطیکہ اس اکاؤنٹ کو تدریسی، تعلیمی یا غیر نصابی سرگرمیوں کے لیے استعمال کیا گیا ہو، پرنسپل نے اکاؤنٹ کی تحریری منظوری فراہم کی ہو اور والدین/ سرپرست کو سوشل میڈیا کاؤنٹ اور اس کے مقصد سے مطلع کیا گیا ہو. | • طالب علم کے ذاتی موبائل آلے کے ذریعے طالب علم کے ساتھ انفرادی طورپر راست طور پر مواصلت کرنا<br>• طالب علم کے ذاتی ای میل اکاؤنٹ کے ذریعے مواصلت کرنا<br>• CPS کے کاروبار کی انجام دہی یا طلبا کے ساتھ مواصلت کے لیے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹ استعمال کرنا |

سب سے زیادہ قابل اعتماد معلومات کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں www.chicago.gov/coronavirus یا www.cdc.gov/coronavirus. اسکول سے متعلق مخصوص تازہ ترین معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں www.cps.edu/coronavirus. اگر آپ کو طبی نگہداشت کے پتہ چلانے کے تعلق سے مدد درکار ہو تو ، براہ کرم oshw@cps.edu پر CPS دفتر برائے طلبا کی صحت و تندرستی سے رابطہ کریں یا ہیلتھی CPS ہاٹ لائن کو 773-553 (5437-KIDS) پر کال کریں.

ہمارے طلبا اور عملے کی صحت و تندرستی ضلع کی اولین ترجیح ہے. ہم صورت حال پر فوری طور پر جوابی اقدام کرنے کے لیے مقامی، ریاستی اور وفاقی صحت کے اہلکاران کے ساتھ قریبی تعلق رکھے ہوئے ہیں اور ہم صورت حال کی پیش رفت کے ساتھ باقاعدگی سے تازہ ترین معلومات سے باخبر کریں گے.

Janice K. Jackson, EdD
چیف ایکزیکیٹیو آفسر
شکاگو پبلک اسکولز

Kenneth Fox, MD
سربراہ صحت افسر
شکاگو پبلک اسکولز